Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فون ۴۴۹

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۔ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴

روزنامہ الفضل ربوہ

The Daily ALFAZL RABWAH

قائمقام ایڈیٹر یوسف سلیم شوق

قیمت فی پرچہ ۴۵ پیسے

جلد ۶۹ | ۱۹ شعبان ۱۴۰۰ھ ۳ وفا ۱۳۵۹ھش ۳ جولائی ۱۹۸۰ء | نمبر ۱۵۱

فضل عمر درس القرآن کلاس کے شرکاء کی تعداد دو ہزار تک پہنچ گئی

کلاس کے جملہ پروگرام نہایت کامیابی سے جاری ہیں۔ مکرم فضل الٰہی صاحب انوری کا بیان

ربوہ۔ یکم وفا/جولائی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سولہویں فضل عمر درس القرآن کلاس میں شامل ہونے والے طلباء اور طالبات کی تعداد دو ہزار کے لگ بھگ پہنچ چکی ہے۔ اب تک شریک ہونیوالے طلباء کی تعداد ۹۳۸ اور طالبات کی تعداد ۱۰۳۱ تک پہنچ چکی ہے الحمد للہ۔ اس کلاس کا افتتاح سیدنا حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ۲۳ جون ۱۹۸۰ء کو اپنے دست مبارک سے فرمایا تھا۔

مکرم مولوی فضل الٰہی صاحب انوری ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد نے نمائندہ الفضل کو ایک ملاقات میں بتایا ہے کہ یہ کلاس نہایت کامیابی کے ساتھ مرکز سلسلہ عالیہ احمدیہ میں جاری ہے۔ منظور شدہ پروگرام کے مطابق معیار اول و دوم کے طلباء و طالبات کی تدریس مسجد مبارک میں اور معیار سوم کے طلباء و طالبات کی تدریس ایوان محمود میں باقاعدگی سے ہو رہی ہے۔

تدریسی پروگرام کے آخر پر ہر دو مقامات پر علماء سلسلہ کسی اہم دینی موضوع پر تقریر کرتے ہیں۔ چنانچہ اس وقت تک مکرم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب "اسلام کی نشاۃ ثانیہ اور ہماری ذمہ داریاں" کے موضوع پر اور مکرم مولانا دوست محمد صاحب شاہد "تحریک احمدیت کا مقصد تمکین دین" کے موضوع پر مکرم صاحبزادہ مرزا انور احمد صاحب "اسلامی تعلیم معاشرت" پر اور مکرم سید احمد علی شاہ صاحب نائب ناظر اصلاح و ارشاد مقامی۔ ظہور مہدی کے متعلق آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئیاں کے موضوع پر اور مولانا عبدالمالک خان صاحب ناظر اصلاح و ارشاد "کسر صلیب کی حقیقت" پر تقریر فرما چکے ہیں۔

مکرم انوری صاحب نے بتایا کہ حسب سابق طلباء کا قیام ناصر ہوسٹل جامعہ احمدیہ میں ہے۔ طالبات کے قیام کے سلسلہ میں جملہ انتظامات مکرم صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ مرکزیہ کی براہ راست نگرانی میں سرانجام پا رہے ہیں۔ ہر دو قیامگاہوں میں روزانہ عصر کی نماز کے بعد مذاکرہ علمیہ کا انعقاد بھی ہوتا ہے۔

علاوہ ازیں طالبات کے لئے حسن قرأت کی مشق کا انتظام بھی کیا گیا ہے جسے مکرم قاری عاشق حسین صاحب باقاعدگی سے سرانجام دے رہے ہیں۔ ناصر ہوسٹل میں مقیم طلباء کے لئے کھیلوں از قسم فٹ بال۔ رنگ۔ اور ویٹ لفٹنگ کا انتظام ہے جس میں دلچسپی رکھنے والے طلباء حصہ لیتے ہیں انہوں نے کہا کہ حفاظت کے سلسلہ میں ربوہ کے انصار و خدام بڑے اخلاص اور باقاعدگی کے ساتھ اپنا وقت دے رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سب کو جزائے خیر بخشے۔

مکرم انوری صاحب نے بتایا کہ بیرونی ممالک میں تبلیغ اسلام سے متعلق سلائیڈیں دکھانے کا انتظام بھی کیا گیا۔ چنانچہ ۲۹ جون کو بعد نماز عشاء طالبات کے لئے ان کی قیام گاہ میں اور ۳۰ جون کو طلباء کے لئے ناصر ہوسٹل میں مکرم مولوی محمد اسمٰعیل صاحب منیر۔ سابق مبلغ سری لنکا مارشیس و سیرالیون نے سلائیڈیں دکھائیں۔

مکرم مولانا انوری صاحب نے احباب جماعت سے درخواست کی ہے کہ دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اس کلاس کو کامیابی سے ہمکنار فرمائے۔ اور سب منتظمین۔ معلمین اور طلباء و طالبات کو خیریت سے رکھے۔ آمین۔

اخبار احمدیہ

• ربوہ ۲ وفا/جولائی۔ سیدنا حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی صحت و عافیت کے بارے میں امیر مقامی محترم صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب کی خدمت میں آنے والی ایک اطلاع کے مطابق

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بمعہ قافلہ بخیریت ہیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ اعلائے کلمۂ اسلام کی غرض سے اختیار کئے گئے۔ اس سفر کے پہلے مرحلے میں آجکل فرینکفورٹ میں قیام فرما ہیں احباب جماعت حضور کے دورے کی کامیابی اور اہل مغرب کے دلوں کو جیتنے میں کامیابی کے لئے پورے التزام اور توجہ سے دعائیں جاری رکھیں۔ اللہ تعالیٰ حضور کو اپنے منصوبوں میں کامیابی دے۔ ہر ہر گام پہ آپ کا حامی و ناصر ہو۔ آمین

• حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدّ ظلہا العالی کی طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے اللہ تعالیٰ حضرت سیدہ ممدوحہ مدّ ظلہا کو صحت و عافیت سے رکھے اور بابرکت لمبی عمر عطا کرے۔ احباب کرام دعاؤں کا سلسلہ جاری رکھیں۔

• بیگم صاحبہ ڈاکٹر غلام اللہ صاحب بیمار ہیں۔ اور ونی پیگ (کینیڈا) میں عنقریب ان کا اپریشن ہونے والا ہے دوست دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اپریشن کامیاب فرمائے۔ اور جملہ عوارض دور فرما کر صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

چوہدری نور الدین احمد
۶۷ ماڈل ٹاؤن لاہور

• مغربی افریقہ میں نصرت جہاں کے احمدیہ سیکنڈری سکولز کے طلباء آج کل ویسٹ افریقن ایگزامینیشن کونسل کے امتحان میں شامل ہو رہے ہیں۔

احباب جماعت سے درخواست ہے کہ وہ دعا فرمائیں تا تمام طلباء اس امتحان میں شاندار کامیابی حاصل کریں۔ وہ جماعت اور سکول کی نیک نامی ہو

(سیکرٹری مجلس نصرت جہاں ربوہ)

عشرہ وصولی چندہ وقف جدید

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:۔

"وقف جدید کی روح یہ ہے کہ وقف کی روح کے ساتھ بنی نوع انسان کی خدمت میں وسعت پیدا کی جائے۔"

(خطبہ جمعہ ۷ جنوری ۱۹۷۳ء)

جماعت کو اس روح سے روشناس کرانے کی غرض سے یکم تا ۱۰ جولائی عشرہ وصولی چندہ وقف جدید منایا جا رہا ہے۔ متعلقہ عہدہ داران سے گزارش ہے کہ اس دوران وعدوں اور وصولی میں نمایاں اضافہ کی کوشش فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

(ناظم مال وقف جدید)

پبلشر، مسعود احمد ۔ پرنٹر، سید عبدالحی ۔ مطبع ضیاء الاسلام پریس ربوہ ۔ مقام اشاعت۔ دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ

خطبہ جمعہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

انسان کو اپنے ربّ کریم سے جو رشتہ ہے وہ اُسے یاد رہے تو اُس کے ہر قسم کی بُرائیوں سے بچنے کے سامان ہو سکتے ہیں

اللہ تعالیٰ نے تمہیں پیدا ہی اس لئے کیا ہے کہ اُس کی ربوبیت کی صفت تمہاری زندگیوں میں ہمیشہ جاری و ساری رہے

اس کیلئے اللہ تعالیٰ نے شریعت نازل فرمائی ہے اس پر عمل پیرا ہوں اور اللہ تعالیٰ کی طرف بار بار رجوع کریں

از سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ بنصرہ العزیز

فرمودہ ۶ر احسان ۱۳۵۹ ہش، مطابق ۶ر جون ۱۹۸۰ء بمقام مسجد احمدیہ اسلام آباد

تشہد و تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا:-

ابھی طبیعت خراب چلی جا رہی ہے۔ شکر کا نظام جو درہم برہم ہوا تھا وہ بھی ٹھیک نہیں ہو رہا۔ انفیکشن بھی ہے اور گرمی بھی ہے۔ گرمی میری بیماری ہے اس میں بھی شوگر کا نظام درہم برہم ہو جاتا ہے۔ آج تو یہ کیفیت تھی کہ ساڑھے بارہ، پونے ایک بجے تک میں نے یہ فیصلہ نہیں کیا تھا کہ جمعہ کے لئے آؤں گا یا نہیں کیونکہ صبح پہلے بلڈ پریشر نچلا بہت گر گیا پھر وہ ٹھیک ہوا تو اوپر والا بہت بڑھ گیا۔ اس سے طبیعت میں گھبراہٹ پیدا ہوتی ہے۔ دوست دعا کریں اللہ تعالیٰ جلد شفا دے۔ سامنے ایک لمبا سفر بھی ہے خدا کے دین کے لئے، بنی نوع انسان کی ہمدردی میں۔ اللہ تعالیٰ اس کی ذمہ داریاں نباہنے کی بھی توفیق عطا کرے۔

بندے کا اپنے پیدا کرنے والے رب سے ایک ایسا رشتہ ہے جسے اکثر لوگ بھول جاتے ہیں۔ جو یاد رکھتے ہیں وہ بھی کبھی تو یاد رکھتے ہیں اور کبھی بھول جاتے ہیں۔ انسان کا اپنے رب کریم سے جو رشتہ ہے اگر انسان کو وہ ہر وقت یاد رہے تو ہر قسم کی

بُرائیوں اور غفلتوں اور کوتاہیوں سے بچنے کے سامان

پیدا ہو سکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ اِنْ تَكُوْنُوْا صَالِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ۝ (سورۃ بنی اسرائیل آیت ۲۶) تمہارا رب تمہیں، تمہارے نفسوں کو، تمہارے ظاہر و باطن کو، تمہارے اندرونے کو، تمہارے خیالات کو، تمہاری خواہشات کو، تمہارے منصوبوں کو، اور اسی طرح جب تم دوسروں سے چالاکیاں کرنے لگتے ہو تو تمہاری ان چالاکیوں کو سب سے بہتر جانتا ہے۔ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ یہ ایک بڑا اہم رشتہ ہے جو ایک بندے کا اپنے رب سے ہے۔

سب سے قریب کا تعلق مرد کا بیوی کے ساتھ اور بیوی کا خاوند کے ساتھ ہوتا ہے۔ لیکن بعض لوگ بڑی باتوں میں بھی اور چھوٹی چھوٹی باتوں میں بھی اکثر چھپا جاتے ہیں۔ بہت سی چیزیں خاوند بیوی سے چھپا جاتا ہے۔ بدنیتی سے نہیں، اس کو تکلیف دینے کے لئے نہیں۔ ویسے ہی چھپا جاتا ہے۔ اسی طرح بعض چیزیں بیوی خاوند سے چھپا جاتی ہے بعض دفعہ حیا کی وجہ سے کوئی چیز نہیں بتاتی۔ اس چھپانے میں بدنیتی نہیں ہوتی حیا ہوتی ہے۔ الغرض سب سے قریب جو رشتہ ہے اس میں بھی نہیں کہا جا سکتا کہ خاوند بیوی کو کلی طور پر سمجھ رہا ہے اور نہ بیوی ہی یہ زعم کر سکتی ہے

بچہ ماں کی گود میں پلتا ہے

لیکن وہ بھی بہت ساری باتیں اپنی ماں سے چھپا لیتا ہے۔ گھر میں بھی بہت سی ایسی باتیں ہوتی ہیں جو بچوں سے چھپی ہوتی ہیں۔ ماں باپ نہیں بتاتے انہیں وہ باتیں۔ ان کا علم نہیں ہوتا انہیں۔ جو دور کے رشتے ہیں ان میں تو بہت کچھ چھپا ہوتا ہے۔ لیکن ایک ایسی ہستی ہے جس سے کوئی چیز بھی چھپی ہوئی نہیں ہر چیز اور ہر بات ہر وقت اس کی نگاہ اور علم میں ہے۔

اگر یہ عظیم ہستی یعنی اللہ صرف گرفت کی صفات اپنے اندر رکھتا۔ صرف

Digitized by Khilafat Library Rabwah

سزا دینا اس کی صفت ہوتی معاف کرنا اس کی صفت نہ ہوتی یا اگر وہ علم رکھتا اور ربوبیت کی صفت اس میں نہ ہوتی تو ایسے علم کے نتیجہ میں انسان کو نقصان پہنچ جاتا۔ فائدے بہت سارے نہ پہنچ سکتے۔ لیکن قرآن کریم نے جس اللہ کو اس کی کامل اور حسین صفات کے ساتھ ہمارے سامنے پیش کیا ہے ان صفات میں سے ایک بنیادی صفت اس کا ربّ ہونا ہے۔ اور اسی صفت کو یہاں بیان کیا گیا ہے یہ فرما کر کہ رَبُّکُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِیْ نُفُوْسِکُمْ یہ جو جاننے والا ہے تمہاری ہر چیز کو، ظاہر و باطن کو، وہ ربّ ہے۔ اس نے تمہیں اس لئے پیدا کیا کہ اس کی

((ربوبیت کی صفت))

تمہاری زندگیوں میں جاری و ساری رہے۔ اس کے لئے اس نے شریعت کو نازل کیا۔ ہم خوش قسمت ہیں کہ ہم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں پیدا ہوئے۔ ہمارے لئے اس نے آپؐ پر کامل شریعت نازل کی ایسی شریعت کہ جو ہماری زندگی کے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والی اور ہر شعبہ کے اندھیروں کو دور کر کے نور پیدا کرنے والی۔ ہر شعبۂ زندگی میں ترقیات کے سامان پیدا کرنے والی اور ان تمام راہوں کو جن پر چل کر بندہ خدا کی رضا کی جنتوں کو حاصل کر سکتا ہے کھول کر بیان کرنے والی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں تمہارا رب ہوں اگر چاہو تو میری اس صفت سے فائدہ اٹھاؤ اور وہ اس طرح کہ ربوبیت کی خاطر میں نے جو ایک کامل شریعت کو نازل کیا ہے اس پر عمل پیرا ہو۔

پھر اس پر عمل پیرا ہونے کے عظیم الشان ثمر کی طرف توجہ دلانے کے لئے فرمایا اِنْ تَکُوْنُوْا صَالِحِیْنَ اگر تم صالح ہو گے، اعمالِ صالحہ بجا لاؤ گے۔

اعمالِ صالحہ کے معنے

ہیں شریعت کے ہر حکم پر موقع اور وقت کی مناسبت کے مطابق پوری شرائط کے ساتھ عمل کرنا۔ جو عمل ایسا ہے وہ اعمالِ صالحہ کے زمرہ میں داخل ہے۔ اسلام کی اور قرآن کریم کی اصطلاح میں صالح وہ ہے کہ جس پر وقتاً فوقتاً خدا تعالیٰ کے جو احکام لاگو ہوتے ہیں اُن سارے احکام کو وہ موقع اور وقت کی مناسبت سے بجا لائے۔ وقت کی مناسبت کے بارہ میں کوئی شبہ نہ رہنا چاہیئے۔ مثال کے طور پر ایک وقت نماز کا ہے۔ اس وقت باجماعت نماز پڑھنے کا حکم لاگو ہو گیا۔ زکوٰۃ کا حکم ہے وہ سال میں ایک دفعہ لاگو ہو گیا۔ روزے رکھنے کا حکم ہے وہ سال کے ایک مہینے میں لاگو ہو گیا۔ بشاشت اور مسکراتے چہرے کے ساتھ بھائیوں سے ملاقات کرنا اور ان کے ساتھ قولِ حسن سے بات کرنا یہ ایسا حکم ہے کہ ہر وقت ہی لاگو ہے۔ جب دو آدمی ایک دوسرے سے ملیں اور ملاقات کریں۔ جس وقت آدمی اکیلا ہو اس وقت یہ حکم لاگو نہیں ہوتا۔ لیکن جس وقت بھی اس کا ملاپ کسی دوسرے انسان سے ہوتا ہے یہ حکم لاگو ہو جاتا ہے کہ دکھ نہیں دینا کسی کو سکھ پہنچانا ہے ہمیشہ۔ بتائیں یہ رہا ہوں کہ ہر حکم ہر وقت انسان پر لاگو نہیں ہوتا۔ اسی لئے اعمالِ صالحہ کا یعنی با موقع اور مناسب حال کام کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

پھر بتایا کہ اعمالِ صالحہ بجا لانے کی کوششوں میں تمہاری

ایک بنیادی کوشش

اور بھی ہونی چاہیئے۔ اس بنیادی کوشش کی طرف اشارہ کرنے کے لئے اس آیت میں صالح کی تعریف کے طور پر ایک لفظ زائد استعمال کیا گیا ہے فرمایا فَاِنَّہٗ کَانَ لِلْاَوَّابِیْنَ غَفُوْرًا۔ پہلے تو یہ کہا کہ اِنْ تَکُوْنُوْا صَالِحِیْنَ یعنی یہ کہ "اگر تم صالح ہو" آیت کے اگلے حصہ میں صالح کے لفظ کو چھوڑ کر اوّاب کا لفظ لیا گیا ہے تاکہ یہ بتایا جائے کہ صالح کے معنے میں خدا تعالیٰ کی طرف بار بار رجوع کرنے کی اہمیت کو بھی ذہن میں حاضر رکھنا ضروری ہے کیونکہ انسان جب کوئی عمل کرتا ہے تو ضروری نہیں کہ وہ عمل مقبول بھی ہو۔ ہزار گند ہیں جو ہمارے اعمال میں شامل ہو جاتے ہیں ہمیں ان کا علم بھی نہیں ہوتا لیکن رَبُّکُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِیْ نُفُوْسِکُمْ ہمارے خدا کو تو علم ہوتا ہے۔ اسی لئے توجہ دلائی کہ بار بار اس کی طرف رجوع کرو تاکہ تمہارے خیال میں جو اعمالِ صالحہ ہیں وہ خدا تعالیٰ کی نگاہ میں بھی مقبول ہو جائیں یعنی اس کی نگاہ میں بھی وہ اعمالِ صالحہ قرار پائیں اور اس کے نتیجہ میں تمہیں ربّ کریم کی ربوبیت حاصل ہو اور ہر میدان میں تم اس کی

رحمت کے سایہ تلے

کامیابیوں کو اور اس کی رضا کو حاصل کرنے والے ہو۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق دے ہمیں اوّاب بنائے۔ ہم میں وہ ہر وقت اپنی طرف رجوع کرنے کا احساس بھی پیدا کرے اور ہمیں اس کی توفیق بھی دے اور اس کے نتیجہ میں ہمارے اعمال خدا تعالیٰ کی رضا کی خاطر پورے طور پر متورّع شکل میں اس کے حضور پیش ہونے والے ہوں اور انہیں وہ اپنے فضل سے قبول فرمالے۔ اللہ جو ہمارا ربّ ہے اور ہماری ربوبیت کے لئے اور ہماری ترقیات کیلئے، ہماری فلاح کیلئے، ہماری خوش حالیوں کیلئے اس نے جو سامان پیدا کیا ہے اس میں وہ خود ہماری انگلی پکڑ کے اپنے پیار کی راہوں پر ہمیں چلانے والا ہو اور اس کے فضلوں اور رحمتوں کو ہم حاصل کرنے والے ہوں ؛

Digitized by Khilafat Library Rabwah

احمدیہ سیکنڈری گرامر سکول اُووو کے سنگِ بنیاد کی تقریب

کمیونٹی کی طرف سے یکصد ایکڑ اراضی کا عطیہ

مکرم ملک محمد اکرم صاحب مبلغ ایبے کوٹے سرکل نائیجیریا

اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ نائیجیریا نے ملک میں متعدد میڈیکل سنٹر، ہسپتال اور سکولز قائم کرنے کی توفیق پائی ہے اور ہر سال ان میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے اضافہ ہی ہوتا چلا جا رہا ہے۔ الحمد للہ علیٰ ذالک!

اس میدان میں ۱۷ مئی ۱۹۸۰ء کو جماعت احمدیہ نے ایک اور چھلانگ لگائی ہے اور اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزانہ دعاؤں کے ساتھ Onda State کے ایک بہت بڑے شہر Ovo میں ایک احمدیہ گرامر ہائی سکول کے سنگِ بنیاد رکھنے کی توفیق پائی ہے۔ جس کی رپورٹ بغرض دعا پیش خدمت ہے۔

سکول کی اجازت:

کچھ عرصہ قبل حکومت کی طرف سے جماعت احمدیہ کو Ovo کے مقام پر ایک گرامر ہائی سکول قائم کرنے کی اجازت دی گئی۔ جماعت احمدیہ نے لوکل آبادی کے اصرار پر اس بھاری بوجھ کو اٹھانے کا اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرتے ہوئے اعلان کر دیا۔ چنانچہ فروری ۱۹۸۰ء کو ایک جم غفیر میں محترم جناب مولوی محمد اجمل صاحب ایم اے شاہد امیر و مشنری انچارج نے اس سکول کی فارم ون کا افتتاح فرمایا۔ فوری ضرورت کے پیش نظر یہ سکول ایک عارضی عمارت میں شروع کرنا پڑا۔

تین ماہ کے بعد ہی اللہ تعالیٰ نے توفیق عطا فرمائی کہ جماعت احمدیہ اس سکول کی مستقل عمارت کا سنگِ بنیاد رکھ سکے۔

مہمانانِ کرام کی آمد:

سکول کی بنیاد رکھنے کے لئے ۱۷ مئی ۱۹۸۰ء کی تاریخ مقرر کی گئی جس کے لئے مختلف جماعتوں اور احباب کو دعوت ناموں کے ذریعہ مدعو کیا گیا تھا۔ علاقہ کے روائتی حکمران (جس کو لوکل زبان میں Ooni کہتے ہیں جس کے معنے Prophet کے ہیں) نے بھی اس تقریب میں شرکت کا وعدہ کیا۔

چنانچہ ۱۷ مئی کو احباب صبح ۱۰ بجے تک مقامِ سنگِ بنیاد پر پہنچ گئے۔

۱۰½ بجے محترم امیر صاحب مع اپنے بعض رفقائے کار کے مقامِ سکول پر تشریف لے آئے اور معاً بعد علاقہ کے حکمران (Ooni) بھی تشریف لے آئے

کارروائی کا آغاز:

۱۱½ بجے سنگِ بنیاد کی تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآن کریم سے ہوا جو مکرم عبدالرشید صاحب لمبی ٹیچر احمدیہ گرامر سکول ادیاگی نے کی۔

خطبہ استقبالیہ:

بعدہٗ سکول کے وائس پرنسپل صاحب نے محترم امیر صاحب کی خدمت میں ایک خطبہ استقبالیہ پیش کیا اور اس جگہ سکول قائم کر کے دیرینہ ضرورت کو پورا کرنے پر جماعت احمدیہ کا شکریہ ادا کیا

طلباء کا شاندار مظاہرہ:

اس کے بعد سکول کے طلباء کی طرف سے نہایت شاندار مظاہرہ (display) پیش کیا گیا۔ صرف چند مہینوں میں ہمارے لوکل مبلغ مکرم آکن بن صالح (Akin Ben Salah) جو سکول میں پڑھانے پر مامور کئے گئے ہیں نے طلباء کو بہت عمدگی سے اس مظاہرہ کے لئے تیار کیا تھا۔ سب سے پہلے ایک بچے نے آکر تلاوت قرآن کریم کی۔ بعدہٗ طلباء نے علم کے حصول کے بارہ میں چند احادیث ان کا ترجمہ اور تشریح زبانی پیش کی جس کا سامعین پر بہت اثر ہوا۔ اس کے بعد چند طلباء نے جنس و تہذیب مواضع پر تقاریر کیں اور آخر میں طالبات نے سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی شان اقدس میں لوکل زبان میں ایک قصیدہ پیش کیا جس کا احباب پر اس قدر اثر ہوا کہ وقت کی تنگی کے باوجود اس کو دوبارہ پیش کیا گیا۔ احباب نے اس پر بہت خوشی کا اظہار کیا۔

محترم امیر صاحب کا خطاب:

اس کے بعد محترم امیر صاحب نے حاضرین سے خطاب کیا اور جماعت احمدیہ کی ان خدمات میں سے جو وہ دنیا کے مختلف ممالک میں بجا لا رہی ہے۔ چند ایک کا تفصیلی ذکر فرمایا۔ آپ نے فرمایا کہ جماعت احمدیہ خدا تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ کے ممبروں کی ذاتی قربانیوں ہی کے بل بوتے پر ان عظیم منصوبوں کو پایۂ تکمیل پر پہنچانے میں کامیاب ہو رہی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ ابھی گزشتہ دنوں ہم نے ایک دوسری سٹیٹ میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے ایک سکول کا اجرا کیا ہے اور آج ہم اس جگہ ایک سکول کی بنیاد رکھنے کے لئے جمع ہوئے ہیں اور اگلے ہفتے اوگن سٹیٹ (Ogun) میں ایک ہائی سکول کی بنیاد رکھ رہے ہیں۔ یہ سب منصوبے اور عظیم پراجیکٹ محض خدا تعالیٰ کے فضل سے اور جماعت احمدیہ کی ذاتی قربانیوں اور کاوشوں کے نتیجہ میں پایۂ تکمیل کو پہنچ رہے ہیں۔ اور نائیجیریا کی ساری آبادی بالواسطہ یا بلاواسطہ اس بات کی معترف ہے کہ جماعت احمدیہ واقعی "اخرجت للناس" جماعت ہے

محترم امیر صاحب نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے تیسرے خلیفہ اور جماعت احمدیہ کے امام حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جب ۱۹۷۰ء میں بنفس نفیس مغربی افریقہ کے ممالک کی جائزہ لینے کیلئے تشریف لائے تھے۔ آپ نے یہاں تعلیمی اور طبی میدانوں کو نمایاں کر کے جماعت احمدیہ کو ان میدانوں میں اپنی قربانیاں اور خدمات پیش کرنے کا حکم صادر فرمایا تھا۔ حضور کے اس حکم کے بعد دس سال کے محدود عرصہ میں آپ سب بخوبی واقف ہیں کہ صرف نائیجیریا میں جماعت نے اپنی بساط سے کس قدر بڑھ کر اپنی قربانیوں کو پیش کر دیا اور اس میدان میں کس قدر خدمات بجا لا چکی ہے اور ان شاء اللہ ہمیشہ ہی جماعت احمدیہ دیگر خدماتِ اسلامیہ کے ساتھ ساتھ اس میدان میں بھی قدم آگے ہی آگے بڑھاتی چلی جائے گی۔

اس کے بعد محترم امیر صاحب نے مشن کی طرف سے انتظامیہ کی خدمت میں پانچ ہزار نیرے ۵۰۰۰/- کا چیک پیش کیا۔ بعد ازاں حاضرین نے بھی عطیات دیئے۔

آپ کی تقریر کے دوران متعدد بار نعرۂ تکبیر، اسلام زندہ باد، احمدیت زندہ باد کے نعرے لگتے رہے۔

روائتی حکمران (Ooni) کی تقریر:

آپ کے خطاب کے بعد علاقہ کے روائتی حکمران نے نہایت پرجوش تقریر کی اور جماعت احمدیہ کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا اور کہا کہ جماعت احمدیہ نے مجھ سے سکول کے لئے زمین کا مطالبہ کیا تو میں نے اپنی کونسل کو بلا کر مشورہ کیا۔ ہم سب نے مل کر جماعت احمدیہ کو یہاں سکول کھولنے کے لئے جگہ دیئے جانے کا فیصلہ کیا ہے۔ محترم اوبا صاحب نے اللہ اکبر کے فلک شگاف نعروں میں یہ کہا کہ میں آج جماعت احمدیہ کو احمدیہ گرامر ہائی سکول کھولنے کیلئے ایک سو ایکڑ (چار مربعے) زمین بطور عطیہ دینے کا اعلان کرتا ہوں اور وعدہ کرتا ہوں کہ اگر ضرورت ہوئی تو ہم مزید زمین بھی دینے کو تیار ہیں۔

سنگِ بنیاد:

اس کے بعد احباب سائٹ پر تشریف لے گئے اور سب سے پہلے محترم امیر صاحب نے سکول کا سنگِ بنیاد خدا تعالیٰ کے حضور عاجزانہ دعاؤں کے ساتھ رکھا۔ بعدہٗ محترم اوبا صاحب نے بنیادی بلاک رکھا۔ اور ان کے بعد متعدد دیگر معززین کو سنگِ بنیاد رکھنے کی سعادت نصیب ہوئی۔

اس کے بعد انتظامیہ کی طرف سے محترم امیر صاحب، روائتی حکمران صاحب اور دیگر معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

آخر پر دعا ہوئی۔ دعا کے بعد مہمانوں کو کھانا پیش کیا گیا۔ اور دوست واپس اپنی منازل کو تشریف لے گئے۔

آخر میں محترم امیر صاحب نے فرمائشی اوبا کو بعض کتب بطور تحفہ پیش کیں اور تبلیغ اسلام کی۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سکول کو لوگوں کی راہنمائی کا سبب بنائے اور اس سعی حقیر کو قبول فرمائے۔ آمین!

Digitized by Khilafat Library Rabwah

تقریب شادی

مکرمہ محترمہ مسماۃ انیلا شاہین صاحبہ بنت مکرم چوہدری محمد اسلم صاحب آف پنڈت والا چک ۳۷ ضلع شیخوپورہ کی تقریب شادی مکرم محترم چوہدری طارق اقبال ولد چوہدری محمد اقبال صاحب کاہلوں آف عینو والی ضلع سیالکوٹ کے ہمراہ مورخہ ۱۳/۶/۸۰ بروز جمعہ موضع پنڈت والا چک ۳۷ مذکور عمل میں آئی۔ عزیزہ کا نکاح اس دن خاکسار نے ۵ ہزار روپیہ مہر پر پڑھا۔

احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ خدا تعالیٰ یہ شادی دونوں خاندانوں اور سلسلہ احمدیہ کے لئے ہر طرح بابرکت کرے۔ اور دونوں میاں بیوی کے لئے حقیقی خوشی اور مسرت کا موجب بنائے آمین۔ (محمد ابراہیم شاد سیکرٹری اصلاح وارشاد جماعت احمدیہ چوہدر چک ۱۱۷ ضلع شیخوپورہ)

الفضل میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیں۔ (مینجر)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

میٹرک کا امتحان پاس کرنیوالے طلباء کیلئے ضروری اعلان

میٹرک کا امتحان پاس کرنے والے ایسے احمدی طلباء جو خدمتِ دین کے لئے زندگی وقف کر کے اعلیٰ دینی تعلیم کے حصول کے لئے جامعہ احمدیہ میں داخل ہونا چاہتے ہیں وہ فوری طور پر مقامی جماعت کے صدر کی معرفت وکالتِ دیوان تحریکِ جدید ربوہ کو درخواستیں بھجوا دیں۔ درخواستیں موصول ہونے کی آخری تاریخ ۳۰ر جون ۱۹۸۰ء مقرر کی گئی تھی لیکن امیدواران کی سہولت کے لئے اس میں ۱۵ر جولائی ۱۹۸۰ء تک توسیع کر دی گئی ہے۔ اس کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں پر غور نہیں ہوگا۔

جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے امیدوار کی عمر ۱۷ سال یا اس سے کم اور تعلیم کم از کم میٹرک سیکنڈ ڈویژن ہونا ضروری ہے۔

جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے انٹرویو انشاء اللہ العزیز ۳۰ر اگست ۱۹۸۰ء بروز ہفتہ بوقت ۸ بجے صبح ہوگا۔ انٹرویو کے لئے صرف ان امیدواران کو بلایا جائے گا جن کی درخواستیں ۱۵ر جولائی تک وکالتِ دیوان میں پہنچ جائیں گی۔

(وکیل الدیوان تحریکِ جدید ربوہ)

قراردادِ تعزیت

۱۵ر جون ۱۹۸۰ء کی شام کو جماعت احمدیہ کراچی کے قائد ضلع خدام الاحمدیہ محترم مظہر احمد قریشی صاحب اچانک حرکتِ قلب بند ہونے سے وفات پا گئے۔

انا للہ وانا الیہ راجعون،

اس خبر کو لجنہ اماء اللہ ضلع کراچی نے نہایت دکھے ہوئے دل کے ساتھ سنا انتہائی غم و اندوہ کو محسوس کیا اس شام وہ لجنہ اماء اللہ ضلع کراچی کے جلسہ سالانہ جو کہ ۱۶ر جون کو منعقد ہونے والا تھا۔ مختلف اہم جماعتی امور کو سرانجام دے کر گھر پہنچے اور تھوڑی دیر بعد اپنے مولا کو پیارے ہو گئے یوں دین کی خدمت کرتے ہوئے اپنی جان جانِ آفرین کے سپرد کر دی اللہ تعالیٰ ان کے درجات کو بلند سے بلند تر کرتا چلا جائے۔ لجنہ اماء اللہ ضلع کراچی حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز محترم صدر صاحب خدام الاحمدیہ مرکزیہ، نائب صدر صاحب، محترم امیر صاحب جماعت احمدیہ کراچی، انجام خدام الاحمدیہ کراچی، مرحوم کی بیگم صاحبہ بہن بھائیوں اور عزیزوں کے غم میں برابر کی شریک ہیں۔ اور ہم عہدہ داران ضلع کراچی دعا کرتی ہیں کہ ان کی وفات سے جو خلا پیدا ہو گیا ہے اس کو خدا تعالیٰ پُر فرمائے۔ اور ان کے لواحقین کا خود حافظ و ناصر ہو۔ آمین۔

(عہدہ داران و ممبرات مجلس عاملہ و عاملہ لجنہ اماء اللہ ضلع کراچی)

درخواستہائے دعا

(۱) ہمارے ایک مخلص بھائی مکرم ڈاکٹر ولی محمد صاحب ساغر سرجن فیصل آباد مکرم اور اصغر مکرم چوہدری محمد اسلم صاحب عرصہ سے بیمار چلے آ رہے ہیں۔ مکرم ڈاکٹر صاحب موصوف کی طرف سے تازہ اطلاع ملی ہے کہ بیماری میں اگرچہ افاقہ ہے مگر تاحال کمزوری ہے۔ قارئین کرام سے ان کی کامل و عاجل شفایابی اور صحت و سلامتی والی دراز عمر کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

(وکیل المال اوّل تحریکِ جدید ربوہ)

(۲) مکرم منور احمد پراچہ (ابن میجر بشیر احمد صاحب پراچہ مرحوم آف سرگودھا) طالب علم فورتھ ایئر نشتر میڈیکل کالج ملتان کی آنکھ پر شدید چوٹ آئی ہے ڈاکٹروں نے آنکھ کا اپریشن کیا ہے۔

احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ آنکھ محفوظ رہنے کے سامان پیدا کر دے آمین۔ (قاضی طاہر اسمٰعیل قائد خدام الاحمدیہ ملتان شہر)

ضروری اعلان برائے موصیان کرام

اس سال سے صدر انجمن احمدیہ کا مالی سال جولائی سے شروع ہو کر اگلے جون تک جاری رہا کرے گا۔ اس لئے موصیان کرام کو اس سال فارم اصل آمد جولائی سے بھجوائے جائیں گے۔ ان سے گذارش ہے کہ وہ ان فارموں میں اپنی آمد مئی ۱۹۷۹ء سے جون ۱۹۸۰ء تک (۱۴ ماہ) کا اندراج فرما دیں۔ اگر کسی موصی کو فارم اصل آمد کسی وجہ سے نہ مل سکیں تو وہ اپنی اصل آمد سے بذریعہ چٹھی مطلع کر دیں تاکہ ان کے حسابات تیار کئے جا سکیں جو دوست ۱۳ ماہ کی آمد فارم پر درج کر کے بھجوا چکے ہیں وہ بھی دوبارہ ۱۴ ماہ کی آمد سے مطلع فرمائیں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ)

دعائے مغفرت

خاکسار کی والدہ ماجدہ غلام فاطمہ صاحبہ ۲۷ر جون (بروز جمعۃ المبارک) پونے بارہ بجے دوپہر کے قریب بعمر قریباً ایک سو سال وفات پا گئیں۔

انا للہ وانا الیہ راجعون،

مرحومہ کے خاوند والدم میاں محمد عبداللہ صاحب مرحوم اور والد مکرم میاں بھاگ دین صاحب دونوں کو سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہ میں شامل ہونے کا شرف حاصل تھا۔

اگلے دن یعنی ۲۸ر جون کو محترم صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب سلمہ امیر جماعت احمدیہ قادیان جو ان دنوں ربوہ تشریف لائے ہوئے ہیں نے نماز جنازہ پڑھائی جس کے بعد انہیں عام قبرستان میں امانتاً دفن کیا گیا۔ قبر تیار ہونے پر محترم ملک سیف الرحمان صاحب فاضل پرنسپل جامعہ احمدیہ ربوہ نے دعا کروائی۔

احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی رضا کی جنتوں میں بلند مقام عطا فرمائے اور ہم پسماندگان کو صبرِ جمیل کی توفیق بخشے آمین۔

(حمید احمد خالد ایم اے انچارج لائبریری جامعہ احمدیہ ربوہ)

---

(۳) میرے والد مکرم لال دین صاحب دارالنصر غربی سابق کارکن ٹی آئی کالج بیمار ہیں اور فضل عمر ہسپتال میں داخل ہیں۔ ابھی تک بیماری کی صحیح تشخیص نہیں ہوئی۔ احباب جماعت دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ میرے والد صاحب کو کامل صحت عطا فرمائے۔ آمین۔

(ناصر احمد دارالنصر غربی ربوہ)

(۴) والدہ محترمہ عزیزم مظفر احمد دو ماہ سے بیمار ہیں راولپنڈی ہسپتال میں زیر علاج ہیں احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین۔ (قریشی رشید احمد اظہر راولپنڈی)

(۵) خاکسار آج کل بیمار ہے فم معدہ اور بائیں بازو میں سخت درد ہے۔ احباب کامل و عاجل صحت کے لئے دعا فرمائیں۔

(راجہ محمد یعقوب آپریٹر واٹر سپلائی ٹیوب کنٹاس ڈاک خانہ لوالمیال ضلع جہلم)

فون ۳۸۲۲
سرگودھا میں ہر قسم کی جائیداد اور موٹر گاڑیوں کی خرید و فروخت کیلئے
"الحمرا اسٹیٹس"
۶۹۹۔ اے سیٹلائٹ ٹاؤن سرگودھا
پروپرائٹرز۔ خادم حسین وڑائچ، طاہر احمد وڑائچ

مفت
نظر کا معائنہ صبح ۱۰ بجے سے شام ۴ بجے تک زیر نگرانی ڈاکٹر لئیق احمد مفت کیا جاتا ہے
نظر و دھوپ کی عینکوں کا مرکز
سٹینڈرڈ آپٹیکل سروس
بانو بازار سیالکوٹ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ٹویوٹا
گاڑی کے ہر قسم کے اصلی پرزہ جات ہول سیل پر
الفرقان موٹر اسٹور سے حاصل کریں
۳۸- تبت سنٹر - بندر روڈ - کراچی
فون نمبر ۷۴۶۰۹

ہر قسم کی عمارتی لکڑی کے لئے
اپنے معروف ادارہ
گلوب ٹمبر کارپوریشن
۲۶- نیو ٹمبر مارکیٹ راوی روڈ لاہور پر
تشریف لائیں
(گورنمنٹ کنٹریکٹر)
فون نمبر ۶۰۲۲۰ ۵۳۴۲۳ ؛ رہائش ۶۲۹۳۰ ؛ فیکٹری رچنا ٹاؤن ۷۱۰۳۶۲
احباب لکڑی کو دیمک سے محفوظ رکھنے کیلئے ہم سے رابطہ پیدا کریں

ہر قسم کا
کاغذ، بکس بورڈ اور گتہ،
بارعایت خریدنے کے لئے ہماری خدمات حاصل کریں اور دعا فرمائیں
مقبول پیپر مارٹ - گنپت روڈ لاہور - فون ۶۳۸۴۹،
گھر - ملک عبداللطیف ستکوہی فون ۶۲۵۱۶،

ہر قسم کی کاروں اور جیپوں کی کمانیوں
اور
پٹوں نیز کاروں جیپوں کے سلنسر بکس
اور سلنسر پائپ کیلئے ہماری خدمات سے
فائدہ اٹھائیں
میاں بھائی آٹو سٹور
۱۰- منٹگمری روڈ - لاہور
انٹرنیشنل آٹو کارپوریشن چوک چوبرجی لاہور
فون نمبر سیل ڈپو ۳۱۱۴۶۳

ہوالشافی
دمہ کورس ASTHMA COURSE
دمہ کیور ASTHMA CURE ۱۵/-
دمہ ریلیف ASTHMA RELIEF ۲۰/-
چھاتی ٹانک LUNG STONIC ۵/-
میزان ۴۰/- ڈاک خرچ و پیکنگ ۵/-
تفصیلی لٹریچر ۲۵ پیسے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر منگوائیں
کیور ٹیومیڈیسن کمپنی (ڈاکٹر راجہ ہومیو)
رجسٹرڈ پاکستان
لاہور، کراچی، ہیڈ آفس ربوہ فون ۶۰۶/۶۰۷

ہر قسم کا سامان سائنس اجبی نرخوں پر خریدنے کے لئے
الائیڈ سائنٹیفک سٹور فون ۶۳۵۰۰
گنپت روڈ لاہور کو ہمیشہ یاد رکھیئے!

ہر قسم کی انگریزی ادویات کی خرید اور
نسخہ جات کی تیاری کے لئے لائق اعتماد
ادارہ
الکیمسٹس فون نمبر ۴۱۶۶۴
EL-KEMISTS.
سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی
منظور شدہ کیمسٹ برائے واپڈا، ریڈیو پاکستان
پاکستان اٹامک انرجی کمشن، پاکستان ٹیلی وژن
کارپوریشن - پی - آئی - ڈی - سی اور آئل اینڈ
گیس ڈویلپمنٹ کارپوریشن،
کی خدمات سے فائدہ اٹھائیں،

شاہی طبیب
حضرت خلیفۃ المسیح اول رضی اللہ عنہ کے شاگرد
حضرت حکیم نظام جان رضی اللہ عنہ
کا چشمہ فیض
مشہور دواخانہ (رجسٹرڈ)
چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ
اور
بالمقابل ایوان محمود ربوہ
اب
حکیم عبدالحمید رجسٹرڈ (رجسٹرڈ)
کے زیر نگرانی کام کرتا ہے
گوجرانوالہ فون نمبر ۷۴۸۴۴ ؛ ربوہ فون نمبر ۶۳۸

جدید فیشن کے مطابق
سونے کے جڑاؤ اور سادہ زیورات
اور چاندی کے خوشنما برتن ٹی سیٹ وغیرہ کے لئے
فرحت علی جیولرز کمرشل بلڈنگ شاہراہ قائداعظم لاہور
فون نمبر ۵۲۶۲۳،

فون ملز ۲۷۹۴۶ ؛ فون آفس ۲۲۴۸۳
سفینہ انڈسٹریز لمیٹڈ
مقبول روڈ
فیصل آباد
امپورٹر — ایکسپورٹر
لون، وائل - پردہ کلاتھ، پاپلین
جاذب نظر - دیدہ زیب ہر گھر کی پسند
آفس
مندر گلی - ریلبازار
فیصل آباد

شالوں کے مشہور دکان
"الفردوس شال ہاؤس"
۸۵- انارکلی - لاہور
اب اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہول سیل کی
ایک نئی شاخ
"الفردوس شال ہاؤس"
۲۴- اتحاد بازار
اعظم کلاتھ مارکیٹ
لاہور

ہر قسم کی عمارتی لکڑی،
دیودار، کیل، چیل، پڑتل کے لئے ہمارے ہاں رجوع فرمائیں
سٹار ٹمبر سٹور
۵۳- فیروزپور روڈ — بالمقابل تھانہ اچھرہ — لاہور،
فون نمبر:- ۴۱۰۶۱۷،

خوبصورت اور مضبوط دانت جدید ترین طریقہ سے بغیر تالو کے لگائے جاتے ہیں
ٹیڑھے اور بدصورت دانت خوبصورت کئے جاتے ہیں۔ دانتوں کو ٹھنڈا پانی لگنا یا درد ہونے کا فوری علاج کیا جاتا ہے

شریف ڈینٹل کلینک

نزد مسجد اقصیٰ ربوہ
فون ۵۴۳

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ربوہ اور بیرونِ ربوہ میں
سکنی اور زرعی جائیداد
کی خرید و فروخت کا سب سے
پہلا اور قابلِ اعتماد ادارہ

احمد اسٹیٹس (رجسٹرڈ)
انس مارکیٹ
— ربوہ —
فون نمبر ۵۳۵

احمدی بھائیوں کے مشہور جیولرز —

نیو پاک جیولرز

۱۱۱۔ فیروزپور روڈ نزد گلیکسی سینما اچھرہ لاہور۔ فون ۴۱۰۹۷۴ (ایئرکنڈیشنڈ)
۱۲۔ ذیلدار روڈ اچھرہ لاہور (ایئرکنڈیشنڈ)

پروپرائٹر:- **میاں عظیم قادر اینڈ سنز**

دیدہ زیب لیتھو، ونڈ ٹائپ اور آفسٹ
کتابت کے لئے ہم سے رجوع فرمائیں
"البلاغ" رحمت بازار ربوہ

اعلیٰ کارکردگی اور شاندار نتائج میں پنجاب بھر میں سب سے آگے

الشفیق ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر ربوہ

پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن سے منظور شدہ

اللہ تعالیٰ کے فضل سے ادارہ ہذا کے طلباء پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن لاہور کے امتحانات میں مسلسل پوزیشنز حاصل کرتے چلے آرہے ہیں۔

اس دفعہ پھر ادارہ کے ایک طالب علم حافظ فضل الرحمٰن نے ریفریجریشن و ایئرکنڈیشننگ کے امتحان منعقدہ ۲۷ اپریل ۱۹۸۰ء میں ۳۵۳/۴۰۰ نمبر حاصل کر کے پنجاب بھر میں تیسری پوزیشن حاصل کی ہے۔

اگلی کلاسز درج ذیل ٹریڈز میں ۱۰ جولائی سے شروع ہونگی

(۱) الیکٹریشن (۲) ریفریجریشن و ایئرکنڈیشننگ

داخلہ محدود نشستوں کے لئے جاری ہے

المشتہر: پرنسپل الشفیق ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر ربوہ فون ۵۹۲

پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن سے منظور شدہ

ٹیلیویژن برائے فروخت

چند سیکنڈ ہینڈ ٹیلی ویژن۔ اے ون کنڈیشن میں مناسب داموں برائے فروخت موجود ہیں۔ خواہشمند رجوع کریں۔
ڈان ٹیلی ویژن سنٹر
محلہ دارالبرکات ربوہ

ضروری اعلان

ربوہ میں راجپوت پراپرٹی ڈیلر ہی ایک ایسا ادارہ ہے جو کہ صرف ربوہ کے محلہ جات پر مشتمل پلاٹوں کی خرید و فروخت کرتا ہے۔ احباب نوٹ فرمالیں۔
لطف الرحمٰن خالد ابن تالیق
پروپرائٹر راجپوت پراپرٹی ڈیلر ربوہ

جائیداد
کی
خرید و فروخت
کیلئے
با اعتماد ادارہ
ندیم کنسٹرکٹرز
اینڈ
پراپرٹی ڈیلرز
فون ۵۲۱
فون گھر ۴۳۱
ریلوے روڈ
بالمقابل
ریلوے اسٹیشن
رحمت بازار ربوہ
کو
یاد رکھیں

ربوہ آنے کی تاریخیں
جولائی ۱۹۸۰ء
۶ تا ۸ بروز اتوار، سوموار، منگل
شہزین ہوٹل اٹھرا

مرض اٹھرا کی شکار دکھی عورتوں کے لئے
۱۹۱۱ء سے ایک ہی نام **ھُوالشافی** دواخانہ حکیم نظام جان
فون نمبر- 7997
زیر نگرانی حکیم انوار احمد جان چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ فون نمبر ۷۳۹۹

پبلک جنرل سٹور
کمیٹی مارکیٹ ربوہ
فون نمبر 406
حب مسان دیگر ادویات